EUROPEAN UNION

FRIEDRICH NAUMANN FOUNDATION For Freedom. Pakistan

SALAR Foundation

Centre for Peace and Development Initiatives

ترقی یافتہ پاکستان کے لیے جمہوری مقامی طرزِ حکمرانی

DEMOCRATIC LOCAL GOVERNANCE FOR DEVELOPMENT IN PAKISTAN

Democratic Local Governance for Development in Pakistan

ترقیاتی اسکیموں کے فزیکل آڈٹ کی رپورٹ

کوئٹہ

اگست ۲۰۲۰

عنوان	ترقیاتی اسکیموں کے فزیکل آڈٹ کی رپورٹ
ضلع	کوئٹہ
فزیکل آڈٹ	سالار ڈیویلپمنٹ فاؤنڈیشن اور سینٹر فار پیس اینڈ ڈولپمنٹ انیشیٹوز (سی پی ڈی آئی)
سپروائزرز	پروجیکٹ مینیجر مونس کائنات زہرا، اسسٹنٹ پروجیکٹ مینیجر مہوش لودھی
تحقیق اور تحریر	سینٹر فار پیس اینڈ ڈولپمنٹ انیشیٹوز (سی پی ڈی آئی)
ڈیزائننگ	نوید اشرف
مالی معاونت	یورپین یونین اور فریڈرک نومین فاؤنڈیشن فار فریڈم پاکستان
ایڈیشن	7th ایڈیشن

ترقیاتی اسکیموں کا فزیکل آڈٹ(Physical Audit)

تعارف

سی پی ڈی آئی ایک غیر جانبدار، بلا منافع اور غیر سرکاری تنظیم ہے جو پاکستان میں امن و ترقی کیلئے 2006ء سے کوشاں ہے۔ یورپین یونین اور فریڈرک نومین فاؤنڈیشن فار فریڈم کے مالی تعاون سے سی پی ڈی آئی ایک پراجیکٹ "ترقی یافتہ پاکستان کے لیے جمہوری مقامی طرزِ حکمرانی" پر جنوری 2017 سے عمل پیرا ہے۔ اس پراجیکٹ کا بُنیادی مقصد ایسا ماحول پیدا کرنا ہے جائے جو جمہوری مقامی طرزِ حکومت کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ شہریوں کی پائیدار ترقی میں معاون ثابت ہو۔ پراجیکٹ میں خاص توجہ بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخواہ کے پندرہ منتخب اضلاع میں پسماندہ اور محروم طبقات پر دی گئی ہے تاکہ صحت، تعلیم اور پانی وصفائی کے شعبوں میں سہولیات کے معیار اور ان تک رسائی کو بہتر بنایا جاسکے۔

سی پی ڈی آئی مقامی سماجی تنظیموں کے اشتراک سے مسلسل ایسی کاوشوں میں مصروف ہے جس سے شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ذمہ دار بنایا جاسکے تاکہ شفافیت، احتساب اور سماجی جواب دہی جیسی اقدار کو فروغ مل سکے۔ اس ضمن میں سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے پندرہ منتخب اضلاع میں حکومت کی جانب سے مجوزہ ترقیاتی اسکیموں کا جائزہ یعنی فزیکل آڈٹ کا اہتمام کیا گیا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ مجوزہ ترقیاتی اسکیم کے مقام پر جاکر پیش رفت کو جانچا جاسکے اور اس بات کا اندازہ لگایا جاسکے کہ حکومت اپنی ترقیاتی اسکیموں کی تکمیل کے لئے کس قدر سنجیدگی اور تیزی سے کام کر رہی ہے۔

سی پی ڈی آئی نے فزیکل آڈٹ کے لیے مشاہداتی ٹیموں کو تشکیل دیا اور تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد بھی کیا جس میں شرکاء نے ترقیاتی اسکیموں کے فزیکل آڈٹ کی تفصیلات اور طریقہ کار کے بارے میں مکمل رہنمائی حاصل کی۔ بعد ازاں اسکیموں کے انتخاب کے لئے تحقیقاتی ٹیم نے صوبائی ترقیاتی بجٹ 20-2019 کا تفصیلی جائزہ لیا اور تعلیم، صحت اور پانی و صفائی کے حوالے سے چند ترقیاتی اسکیموں کا انتخاب کیا۔ اسی طرح تمام 15 اضلاع میں ترقیاتی اسکیموں کا انتخاب کیا گیا اور فزیکل آڈٹ کا طریقہ کار طے کیا گیا۔ مشاہداتی ٹیموں نے 15 اضلاع میں منتخب کردہ ترقیاتی اسکیموں کے مقامات کا دورہ کیا اور اسکیموں کی تکمیل پر پیش رفت کا مشاہدہ کیا۔ اس مقصد کے لیے خاص طور پر تیار کردہ فارم (evaluation form) کو پُر کرتے ہوئے اسکیم پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ پیشرفت کے مختلف مراحل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہر اسکیم کے لئے ایک فارم تشکیل دیا گیا تھا۔

ترقیاتی اسکیموں کا فزیکل آڈٹ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ سی پی ڈی آئی نے کیا، جس میں شہریوں اور مقامی سماجی تنظیموں کو بھی شامل کیا گیا۔ اُمید کی جاتی ہے کہ فزیکل آڈٹ یعنی منصوبوں کی تکمیل پر پیشرفت کو جانچنے کی یہ مشق پاکستانی شہری بطور ٹیکس دہندگان جاری رکھیں گے۔

کوئٹہ میں ترقیاتی اسکیموں کی فزیکل آڈٹ(Physical Audit)رپورٹ

اس رپورٹ میں ضلع کوئٹہ کی چھ(6)ترقیاتی اسکیمیں آڈٹ کے لیے منتخب کی گئیں جن میں صحت، تعلیم اور پانی اور صفائی ستھرائی کے متعلق دو دو اسکیمیں شامل ہیں۔ فزیکل آڈٹ کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں سے بات چیت کے ذریعے بھی اسکیموں کی پیشرفت کے بارے میں جاننے کی کوشش کی گئی۔

ڈسٹرکٹ کوئٹہ میں ترقیاتی اسکیموں کے فزیکل آڈٹ کا سلسلہ، یورپین یونین اور فریڈرک نومین فاؤنڈیشن فار فریڈم پاکستان کی مالی معاونت سے پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ سی پی ڈی آئی اور سالار ڈیویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے شروع کیا۔ 2017 میں شروع ہونے والا یہ پراجیکٹ اب اپنے اختتام پر ہے اور یہ رپورٹ اگست 2020 میں منتخب شدہ ترقیاتی اسکیموں کے آخری فزیکل آڈٹ کے نتائج کی عکاسی کرتی ہے۔ اُمید کی جاتی ہے کہ فزیکل آڈٹ یعنی منصوبوں کی تکمیل پر پیشرفت کو جانچنے کی یہ مشق ،ڈسٹرکٹ کے شہریوں، ڈسٹرکٹ انٹرسٹ گروپ کے ممبران اور دیگر سٹیک ہولڈرز کی جانب سے بطور ٹیکس دہندگان جاری رکھی جائے گی۔

تعلیم کی ترقیاتی اسکیمیں

کوئٹہ میں تعلیم کے شعبہ سے 'گورنمنٹ بوائز کالج کیرانی روڈ' (Construction of Government Boys College Kirani Road New Hazara Town) نامی ترقیاتی اسکیم کے مقام کا دورہ کیا گیا۔ پبلک سیکٹر ڈیویلپمنٹ پروگرام (Public Sector Development Program) کے مطابق اس سکیم کا آغاز 2019 میں کیا گیا اور تکمیل کی تاریخ 2021-2020 دی گئی تھی۔ اس اسکیم کی کل لاگت دس کروڑ (10,00,00,000) روپے ہے جبکہ نومبر 2019 تک کوئی فنڈز جاری نہیں کیے گئے۔ گذشتہ چار فزیکل آڈٹ کی مشقوں میں پیشرفت دیکھنے میں نہیں آئی۔



سی پی ڈی آئی اور سالار ڈیویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی جانب سے اسکیم کے فنڈز کا اجراء اور اسکی کی تکمیل کا مطالبہ پریس کانفرنسز اور دیگر فورمز پر بھی کیا گیا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ حکومت کالج کی تعمیر پر جلد از جلد کام کا آغاز کر دے گی۔



'گورنمنٹ کامرس کالج میں کلاس رومز نمبر 5،ہال اور سٹوڈنٹ ہاسٹل کے 20 کمروں کی تعمیر' (Construction of Additional Class Rooms, 05 No Multipurpose Hall and Student hostel 20-room at Government College of Commerce) نامی اسکیم کے مقام کا دورہ کیا گیا۔ پبلک سیکٹر ڈیویلپمنٹ پروگرام (Public Sector Development Program) کے مطابق اس اسکیم کا آغاز 2019 میں کیا گیا اور تکمیل کی تاریخ 2021-2020 دی گئی تھی۔ اس اسکیم کی کل لاگت آٹھ کروڑ (8,00,00,000) روپے ہے اور نومبر 2019 تک دو کروڑ (2,00,00,000) روپے جاری کیے جا چکے ہیں۔

سی پی ڈی آئی اور سالار ڈیویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی جانب سے اسکیم کی تکمیل کا مطالبہ پریس کانفرنسز اور دیگر فورمز پر کرنے کے بعد اگست 2020 میں مشاہداتی ٹیم نے نوٹ کیا کہ اسکیم پر کام شروع ہو چکا ہے جس میں کھدائی وغیرہ کا کام شامل ہے۔ پیشرفت کی تفصیلات کے لئے جائزہ فارم دیکھیں۔

جائزہ فارم

ترقیاتی اسکیم کا نام:	'گورنمنٹ کامرس کالج میں کلاس رومز نمبر 5،ہال اور سٹوڈنٹ ہاسٹل کے 20 کمروں کی تعمیر'	تاریخ: 10-8-2020
ترقیاتی اسکیم کی جگہ:	کوئٹہ	
عمارت کی منزلیں	---	
تعمیر شدہ احاطہ	21967	
ترقیاتی اسکیم کی کل لاگت Rs.	آٹھ کروڑ (8,00,00,000)	
نشانِ ترقی / تکمیل کی سطح	کل پوائنٹس	تکمیل شدہ کام کے پوائنٹس
گرے سٹرکچر کا کام (Grey Structure Works)		
کھدائی اور بھرائی (earthworks)	100	100
بنیادوں سے لیکر پلنتھ لیول کا کام (foundation up to finished floor level)	400	400
پلینتھ لیول سے لیکر کھڑکیوں اور دروازے تک کا کام	500	400

(finished floor to lintel level)		
کھڑکیوں اور دروازوں کے لیول سے لیکر چھت تک کا کم (lintel level to slab button)	500	0
بیم اور سلیب(beams and slabs)	800	0
پلستر (plaster)	600	0
فرش (flooring)	100	0
اختتامی کام(Finishing Works)		
ٹائل اور پتھر کا کام (Tile/ Marble Flooring)	600	0
رنگائی اور پالش کا کام (painting and polishing)	400	0
دروازے اور کھڑکیاں (Door and Windows)	250	0
فالس سیلنگ (False Ceiling)	100	0
میکینک، بجلی اور پلمبنگ کا کام (MEP Works)		
اندرونی پائپوں کا کام (Internal Plumbing)	100	0
بیرونی سیوریج اور فراہمی اور نکاسی آب کے لیئے اندرونی پائپوں کا کام (external sewerage and plumbing)	200	0
بجلی کی وائیرنگ کا کام اور ڈی بی (electrical wiring and DBs)	300	0
بجلی کے آلات (پنکھے اور بلب وغیرہ electrical) (fixtures)	100	0
نکاسی آب کا کام (sanitary fixtures)	150	0
حاصلِ کل پوائنٹس	5200	900
بہ تکمیل شدہ کام	مکمل کام کے کل پوائنٹس 100x / کل پوائنٹس	17.3٪

صحت کی ترقیاتی اسکیمیں

صحت کے شعبہ سے 'ہزارہ ٹاؤن بلاک نمبر 1 کوئٹہ میں MNCH سنٹر کی بحالی' (Rehabilitation of MNCH Centre at Hazara Town Block-1 Quetta) نامی اسکیم کے مقام کا دورہ کیا گیا۔ پبلک سیکٹر ڈیویلپمنٹ پروگرام (Public Sector Development Program) کے مطابق اس سکیم کا آغاز 2019 میں کیا گیا اور تکمیل کا سال 2020 ہے۔ اس اسکیم کی کل لاگت ایک کروڑ (1,00,00,000) روپے ہے اور نومبر 2019 تک پچاس لاکھ (50,00,000) روپے فنڈز جاری کئے گئے ہیں۔ گذشتہ تین فزیکل آڈٹ کی مشقوں میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی تھی لیکن اگست 2020 میں مشاہداتی ٹیم نے دیکھا کہ زمینی منزل اور پہلی منزل پر 100٪ کام مکمل کیا جاچکا ہے۔



ترقیاتی اسکیم کا نام:	ہزارہ ٹاؤن بلاک نمبر 1 کوئٹہ میں MNCH سنٹر کی بحالی'	تاریخ:10-8-2020	
ترقیاتی اسکیم کی جگہ:	کوئٹہ		
عمارت کی منزلیں	---		
تعمیر شدہ احاطہ	2763 مربع فٹ زمینی منزل 2500 مربع فٹ پہلی منزل		
ترقیاتی اسکیم کی کل لاگت Rs.	ایک کروڑ (1,00,00,000) روپے		
نشانِ ترقی / تکمیل کی سطح	کل پوائنٹس	تکمیل شدہ کام کے پوائنٹس (زمینی منزل)	پہلی منزل
گرے سٹرکچر کا کام (Grey Structure Works)			
کھدائی اور بھرائی (earthworks)	100	100	N/A
بنیادوں سے لیکر پلنتھ لیول کا کام (foundation up to finished floor level)	400	400	400

پلینتھ لیول سے لیکر کھڑکیوں اور دروازے تک کا کام (finished floor to lintel level)	500	500	500
کھڑکیوں اور دروازوں کے لیول سے لیکر چھت تک کا کم (lintel level to slab button)	500	500	500
بیم اور سلیب (beams and slabs)	800	800	800
پلستر (plaster)	600	600	600
فرش (flooring)	100	100	100
اختتامی کام (Finishing Works)			
ٹائل اور پتھر کا کام (Tile/ Marble Flooring)	600	600	600
رنگائی اور پالش کا کام (painting and polishing)	400	400	400
دروازے اور کھڑکیاں (Door and Windows)	250	250	250
فالس سیلنگ (False Ceiling)	100	100	100
میکینک، بجلی اور پلمبنگ کا کام (MEP Works)			
اندرونی پائپوں کا کام (Internal Plumbing)	100	100	100
بیرونی سیوریج اور فراہمی اور نکاسی آب کے لیئے اندرونی پائپوں کا کام (external sewerage and plumbing)	200	200	200
بجلی کی وائیرنگ کا کام اور ڈی بی (electrical wiring and DBs)	300	300	300
بجلی کے آلات (پنکھے اور بلب وغیرہ) (electrical fixtures)	100	100	100
نکاسی آب کا کام (sanitary fixtures)	150	150	150

حاصل کل پوائنٹس	5200	5200/5200	4700/4700
٪تکمیل شدہ کام	مکمل کام کے کل پوائنٹس x100 / کل پوائنٹس	100٪	100٪



مزید براں 'ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ بی ایچ یو کی تعمیر (Construction of Basic Health Unit at Hazara town Quetta)' کی ترقیاتی اسکیم کا بھی فزیکل آڈٹ کیا گیا۔ صوبائی ترقیاتی بجٹ 2019-20 کے مطابق یہ بھی ایک نئی اسکیم ہے اور اس کی تکمیل کا سال 2020-21 ہے۔ پبلک سیکٹر ڈیویلپمنٹ پروگرام (Public Sector Development Program) کے مطابق اس اسکیم کی کل لاگت دو کروڑ (2,00,00,000) روپے ہے اور نومبر 2019 تک پچاس لاکھ (50,00,000) روپے فنڈز جاری کئے گئے ہیں۔ جون 2020 کے فزیکل آڈٹ کے مطابق ٪59 کام مکمل کیا جا چکا تھا۔ اگست 2020 کے فزیکل آڈٹ کے نتائج کے مطابق زمینی منزل پر ٪84 جبکہ پہلی منزل پر ٪71 کام مکمل کیا جا چکا ہے۔

تفصیلات کے لئے جائزہ فارم دیکھیں۔

جائزہ فارم

ترقیاتی اسکیم کا نام:	'ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ بی ایچ یو کی تعمیر		تاریخ:10-8-2020
ترقیاتی اسکیم کی جگہ:	کوئٹہ		
عمارت کی منزلیں	---		
تعمیر شدہ احاطہ	2763 مربع فٹ زمینی منزل 2500 مربع فٹ پہلی منزل		
ترقیاتی اسکیم کی کل لاگت Rs.	ایک کروڑ (1,00,00,000) روپے		

نشانِ ترقی / تکمیل کی سطح	کل پوائنٹس	تکمیل شدہ کام کے پوائنٹس (زمینی منزل)	پہلی منزل
گرے سٹرکچر کا کام (Grey Structure Works)			
کھدائی اور بھرائی (earthworks)	100	100	N/A
بنیادوں سے لیکر پلنتھ لیول کا کام (foundation up to finished floor level)	400	400	N/A
پلینتھ لیول سے لیکر کھڑکیوں اور دروازے تک کا کام (finished floor to lintel level)	500	500	500
کھڑکیوں اور دروازوں کے لیول سے لیکر چھت تک کا کم (lintel level to slab button)	500	500	500
بیم اور سلیب (beams and slabs)	800	800	800
پلستر (plaster)	600	600	600
فرش (flooring)	100	100	100
اختتامی کام (Finishing Works)			
ٹائل اور پتھر کا کام (Tile/ Marble Flooring)	600	500	0

رنگائی اور پالش کا کام (painting and polishing)	400	0	0
دروازے اور کھڑکیاں (Door and Windows)	250	0	0
فالس سیلنگ (False Ceiling)	100	0	0
میکینک، بجلی اور پلمبنگ کا کام (MEP Works)			
اندرونی پائپوں کا کام (Internal Plumbing)	100	100	100
بیرونی سیوریج اور فراہمی اور نکاسی آب کے لیئے اندرونی پائپوں کا کام (external sewerage and plumbing)	200	200	200
بجلی کی وائیرنگ کا کام اور ڈی بی (electrical wiring and DBs)	300	300	300
بجلی کے آلات (پنکھے اور بلب وغیرہ ((electrical fixtures)	100	100	100
نکاسی آب کا کام (sanitary fixtures)	150	150	150
حاصل کل پوائنٹس	5200	4350/5200	3350/4700
٪ تکمیل شدہ کام	مکمل کام کے کل پوائنٹس 100x / کل پوائنٹس	84٪	71٪

پانی اور صفائی ستھرائی کی اسکیمیں



کوئٹہ میں پانی اور صفائی ستھرائی کے شعبہ سے متعلق دو ترقیاتی اسکیموں کا فزیکل آڈٹ کیا گیا۔ واٹر سپلائی سکیم برائے قبرستان ہزارہ ٹاون ویسٹرن بائی پاس کوئٹہ ' (Construction of WSS Hazara Graveyard Hazara Town Western bypass Quetta) کے مقام کا دورہ کیا گیا۔ صوبائی ترقیاتی بجٹ 20-2019 کے مطابق یہ بھی ایک نئی اسکیم ہے اور اس کی تکمیل کا سال 2020 ہے۔ پبلک سیکٹر ڈیویلپمنٹ پروگرام (Public Sector Development Program) کے مطابق اس اسکیم کی کل لاگت چھیہتر لاکھ (76,00,000) روپے ہے اور نومبر 2019 تک بیس لاکھ روپے (20,00,000) جاری کئے جا چکے ہیں۔ مشاہداتی ٹیم نے اس اسکیم کا پہلا فزیکل آڈٹ نومبر 2019 میں کیا جسکے نتائج کے مطابق اسکیم پر کوئی پیشرفت نہیں ہوئی تھی۔ یہاں تک کہ ضلعی حکومت کی جانب سے تعمیر کے لئے ٹینڈرز بھی جاری نہیں کیے گئے تھے۔ فروری 2020 میں فزیکل آڈٹ کی مشق دوبارہ کی گئی تو معلوم ہوا کہ واٹر سپلائی کی اس اسکیم پر تا حال کوئی پیشرفت نہیں ہوئی۔ اگست 2020 کے فزیکل آڈٹ کے نتائج کے مطابق تعمیر کا کام شروع کیا جا چکا ہے اور 15٪ کام مکمل کیا جا چکا ہے۔

جائزہ فارم

ترقیاتی اسکیم کا نام:	واٹر سپلائی سکیم برائے قبرستان ہزارہ ٹاون ویسٹرن بائی پاس کوئٹہ	**تاریخ:** 2020-8- 11
ترقیاتی اسکیم کی جگہ:	کوئٹہ	
ترقیاتی اسکیم کی کل لاگت	چھیہتر لاکھ (76,00,000) روپے	
نیٹ ورک کی کل لمبائی	4935	
تکمیل کی سطح	کل پوائنٹس	تکمیل شدہ کام کے پوائنٹس
کھدائی (excavation)	250	200
زیرِ زمین پائپ کا جال PCC under pipes/ drains	150	100

پائپوں اور نالیوں کی فٹنگ (pipes laying and testing)	1500	0
بھرائی (backfilling)	100	0
کل	2000	300
٪ تکمیل شدہ کام	مکمل کام کے کل پوائنٹس x100 / حاصل کل پوائنٹس	15٪



مزید براں 'واٹر سپلائی سکیم برائے بائی پاس دامن کوہ کوئٹہ' (Construction of Water Supply Scheme Chiltan-i Western bypass towards east (for hazara town) Daman e Koh Quetta) کا فزیکل آڈٹ بھی کیا گیا۔ صوبائی ترقیاتی بجٹ 20-2019 کے مطابق یہ بھی ایک نئی اسکیم ہے اور اس کی تکمیل کا سال 20-2019 ہے۔ پبلک سیکٹر ڈیویلپمنٹ پروگرام (Public Sector Development Program) کے مطابق اس اسکیم کی کل لاگت اسی لاکھ (80,00,000) روپے ہے اور نومبر 2019 تک بیس لاکھ روپے (20,00,000) جاری کئے جا چکے ہیں۔ مشاہداتی ٹیم نے اس اسکیم کا نومبر 2019 میں پہلا فزیکل آڈٹ کیا جسکے نتائج کے مطابق کوئی پیشرفت نہیں ہوئی تھی۔ یہاں تک کہ ضلعی حکومت کی جانب سے تعمیر کے لئے ٹینڈرز بھی جاری نہیں کیے گئے تھے۔ فروری 2020 میں فزیکل آڈٹ کی مشق دوبارہ کی گئی تو معلوم ہوا کہ واٹر سپلائی کی اس اسکیم پر تا حال کوئی پیشرفت نہیں ہوئی۔ سی پی ڈی آئی اور سالار ڈیویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی جانب سے اسکیم کی تکمیل کا مطالبہ پریس کانفرنسز اور دیگر فورمز پر بھی کیا گیا اور اگست 2020 میں تعمیراتی کام کا آغاز ہو گیا ہے اور 15٪ کام مکمل کر لیا گیا ہے۔

ترقیاتی اسکیم کا نام:	واٹر سپلائی سکیم برائے بائی پاس دامن کوہ کوئٹہ	تاریخ: 2020-8- 11
ترقیاتی اسکیم کی جگہ:	کوئٹہ	
ترقیاتی اسکیم کی کل لاگت	اسی لاکھ (80,00,000) روپے	
نیٹ ورک کی کل لمبائی	5194	
تکمیل کی سطح	کل پوائنٹس	تکمیل شدہ کام کے پوائنٹس
کھدائی (excavation)	250	200
زیرِ زمین پائپ کا جال PCC under pipes/drains	150	100
پائپوں اور نالیوں کی فٹنگ (pipes laying and testing)	1500	0
بھرائی (backfilling)	100	0
کل	2000	300
٪ تکمیل شدہ کام	مکمل کام کے کل پوائنٹس x100 / حاصلِ کل پوائنٹس	15٪

کوئٹہ میں ترقیاتی اسکیموں کے فزیکل آڈٹ کی تصاویر

ہزارہ ٹاؤن بلاک نمبر 1 کوئٹہ میں MNCH سینٹر میں تعمیراتی کام مکمل کیا جا چکا ہے

پراجیکٹ کوارڈینیٹر خالد حسین ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ میں بی ایچ یو کی تعمیراتی مقام پر موجود ہیں

ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ میں بی ایچ یو کی تعمیراتی کا جاری ہے

گورنمنٹ بوائز کالج کیرانی روڈ کا تعمیراتی کام جاری ہے

گورنمنٹ بوائز کالج کیرانی روڈ کا تعمیراتی مقام

واٹر سپلائی اسکیموں کی تعمیراتی صورتحال

This project is co-funded by the European Union

FRIEDRICH NAUMANN FOUNDATION For Freedom.
Pakistan

This publication has been produced with the financial support of European Union and Friedrich Naumann Foundation for Freedom. The contents of this publication are the sole responsibility of Centre for Peace and Development Initiatives, (CPDI) and can in no way be taken to reflect the views of the European Union and Friedrich Naumann Foundation for Freedom.

یہ اشاعت یورپی یونین اور فریڈرک نومین فاؤنڈیشن فار فریڈم کے تعاون سے شائع کی گئی ہے۔ جبکہ کتاب کے مندرجات کی ذمہ داری سینٹر فار پیس اینڈ ڈیویلپمنٹ انیشیٹوز (سی پی ڈی آئی) کی ہے اور یہ یورپی یونین اور فریڈرک نومین فاؤنڈیشن فار فریڈم کے نظریات کی عکاسی نہیں کرتے۔